جناب صالح محمد: وہ میں پیش کرونگا جناب سپیکر۔ (تالیاں) آج جس طرح ایجوکیشن میں یعنی میں ڈی ای او کوہستان کی بات کر رہا ہوں، کوہستان میرے ہزارہ ڈویژن کا ایک ضلع ہے، ڈی ای او فیمیل کے پاس وہاں پر گاڑی نہیں ہے، ڈی ای او میل کے پاس وہاں پر گاڑی نہیں ہے اور میں اپنی تحصیل کی ایک بات کرلوں، بالا کوٹ تحصیل، جہاں پر ڈھائی سو سکولز ہیں، وہاں پر دو اے ڈی اوز ہیں اور دو اے ڈی اوز، جب ایک اے ڈی او صبح نکلتا ہے تو پانچ کلو میٹر اس کو ایک روپے ٹی اے/ڈی اے وہاں پر ملتا ہے۔ اس کے پیچھے تین موٹر سائیکلوں والے جو مانیٹرنگ والے ہیں، وہ ایک اے ڈی او کی کیا کارکردگی چیک کریں گے جو وہاں پر ڈھائی سو سکولوں کیلئے دو اے ڈی اوز ہیں اور ایک اے ڈی او کے پیچھے تین تین موٹر سائیکلوں والے جو مانیٹرنگ جس پر 600 ملین خرچ ہو رہے ہیں، کیا یہ بہتر نہیں تھا؟ وہاں پر ایک 12 گریڈ والے 16 گریڈ والے پر کیا چیک رکھیں گے؟ تو اس سے بہتر تھا کہ ایجوکیشن میں 18 گریڈ والے ہیں، 20 والے ہیں، انہی کی ذمہ داری لگا دیتے تو یہ اور بھی بہتر تھا۔ باقی سکیل سات مانسہرہ میں اس وقت 180 Vacancies فیمیل سائڈ پہ خالی ہیں جناب سپیکر، اگر وہ Fill ہو جائیں، ایک سکول میں تقریباً دو ٹیچرز، اس کا مطلب کہ 90 سکولز جو ہیں وہ بغیر اساتذہ کے چل رہے ہیں۔ تو یہی گزارش ہے، منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں کہ یہ Vacancies بھی ہماری Fill ہو جائیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ، تھینک یو۔

جناب صالح محمد: اس کے ساتھ جناب سپیکر، آج سے 15 سال یا 18 سال پہلے ڈی ای او پرائمری الگ ہوا کرتا تھا اور ڈی ای او سیکنڈری الگ ہوا کرتا تھا۔ آج چونکہ آبادی کافی بڑھ گئی ہے تو کافی آبادی بڑھنے کے باوجود آج ڈی ای او پرائمری اور سیکنڈری ایک ہی ہے تو یہ ایک تجویز دے رہے ہیں، اگر پرانے طریقہ کار کے مطابق ڈی ای او پرائمری الگ ہو اور ڈی ای او سیکنڈری الگ ہو کیونکہ آبادی بڑھ رہی ہے اور ان کے

کنڑول سے باہر ہے کیونکہ ڈی ای او پورے ضلع کو کنڑول کرنااور پھر ساتھ ان کے پاس وسائل بھی نہیں ہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ، شکریہ جی۔

جناب صالح محمد: وسائل بھی نہیں ہیں تو اس کے ساتھ یہی گزارش کرتا ہوں کہ جو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: عصمت اللہ خان! مولانا عصمت اللہ صاحب! بس اس کے بعد عاطف خان جو ہے نا اپنی وضاحت کریں گے۔

مولانا محمد عصمت اللہ: شکریہ جناب سپیکر۔ آج جس مسئلے پر یہاں اسمبلی میں بحث ہو رہی ہے، اس مسئلے کی اہمیت اور اس مسئلے کی افادیت سے سب واقف ہیں، وہ ہے تعلیم کا مسئلہ۔ جناب سپیکر، حضرت انسان کو اور انسان کے جد امجد حضرت آدم علیہ السلام کو اس روئے زمین کا خلیفہ بنایا گیا ہے، وہ اسی تعلیم کی وجہ سے بنایا گیا۔ جب اللہ نے حضرت آدم علیہ السلام کو خلیفہ بنانا چاہا، فرشتوں سے مشورہ لیا، انہوں نے کہا کہ اگر ہم سے یہ منصب سنبھالا جاسکتا ہے تو ہم حاضر ہیں، "وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ"۔ اللہ نے فرمایا "إِنِّيٓ أَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُونَ"۔ پھر اتمام حجت کیلئے پرچی بنتی ہے، سوالیہ، وہ فرشتوں کے سامنے رکھ دی جاتی ہے تو وہ بہ یک زبان اقرار کرتے ہیں "لَا عِلْمَ لَنَآ إِلَّا مَا عَلَّمْتَنَآ إِنَّكَ أَنتَ ٱلْعَلِيمُ ٱلْحَكِيمُ"۔ اور جب وہی سوالیہ پرچی انسانوں کے جد امجد حضرت آدم علیہ السلام کے سامنے رکھ دی جاتی ہے تو ارشاد ہے "وَعَلَّمَ ءَادَمَ ٱلْأَسْمَآءَ كُلَّهَا"۔ حضرت آدم علیہ السلام نے اس پرچی کو سب کا سب حل کر دیا اور اسی بنیاد پر اس روئے زمین کی خلافت کا تاج حضرت آدم علیہ السلام انسانوں کے جد امجد کے سر پر رکھ دیا گیا اور جناب سپیکر، حضرت محمد ﷺ پر جب وحی کی ابتداء ہوئی تو "اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ" سے ہوئی، اس سے بھی تعلیم کی افادیت کا پتہ چلتا ہے اور قرآن کریم میں ارشاد ہے "هَلْ يَسْتَوِي ٱلَّذِينَ يَعْلَمُونَ وَٱلَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ"، علم والے اور نہ علم رکھنے والے ایک جیسے ہو سکتے ہیں؟ نہیں ہو سکتے ہیں۔ تو جناب والا، اب یہاں پر بات آتی ہے تو یہ اس حکومت کا ایک اچھا اقدام ہے کہ انہوں نے اس طرف ایمر جنسی کے نام پر ایک قدم اٹھایا ہے اور یہ بھی حقیقت ہے کہ تعلیم کیلئے صحت مند معاشرے کی ضرورت ہوتی ہے اور صحت مند معاشرے کیلئے امن وامان کی ضرورت ہوتی ہے تو یہ سب تعلیم کیلئے، تعلیم کے ماحول کی ضرورت ہیں اور جناب والا، میں یہ بات بھی عرض کرتا چلوں

کہ یہ ہر ایک حکومت میں اپنی استطاعت کے مطابق اس طرف توجہ دی گئی ہے، بابک صاحب نے اپنے دور اقتدار کا تفصیل کے ساتھ آپ کو بتادیا لیکن اسی نسبت سے میں صرف اتنا بتانا چاہتا ہوں کہ ایم ایم اے کے دور حکومت میں 65 سال بعد، پاکستان کے قیام کے 65 سال گزرنے کے بعد ایم ایم اے دور حکومت میں کوہستان جیسے علاقے میں دو ڈگری کالجز بنائے گئے۔ اس سے پہلے 65 سال تک کسی کو اس طرف یہ توجہ نصیب نہیں ہوئی کہ کوہستان کے پہاڑوں میں پھنسے ہوئے بسنے والے بے بس لوگوں کو کوئی تعلیم کی سہولت میسر کرے اور پھر کیال ہائر سیکنڈری سکول، لڑکیوں کا مڈل سکول، ہائی سکول، پرائمری سکول اور یہاں تک جناب سپیکر، یہاں پر بات کی جاتی ہے تعلیم کے حوالے سے تو میں پورے وثوق سے کہتا ہوں کہ ہمارے دور اقتدار میں کوہستان میں لڑکیوں کے ایسے پرائمری سکولز بھی ہیں، ریکارڈ چیک کر سکتے ہیں کہ جو ایک ایک پرائمری سکول میں 175 لڑکیاں سبق پڑھتی تھیں اور پھر ایم ایم اے کے دور حکومت میں انہوں نے جب سمجھا کہ کوہستان جیسے دور دراز علاقے میں اگر کوئی ٹیچر، فیمیل ٹیچر وہاں پہ جاتی ہے تو اس کو سہارا بھی نہیں ملتا ہے، وہ جا بھی نہیں سکتی ہے، پیدل راستے ہیں، کئی کئی سو کلومیٹر پیدل راستے ہیں۔ جناب سپیکر، وہاں پھر ان کی بود و باش اور رہائش کا بندوبست تک نہیں ہے تو انہوں نے مڈل پاس مقامی لڑکیوں کو بھرتی کر کے تعلیم کی شرح یہاں تک پہنچائی، آج وہ الف ب کہنے کے قابل ہیں۔ اس سے پہلے وہ اس ماحول سے نا آشنا تھیں جناب سپیکر! اور اگر آج منسٹر صاحب اس کو مزید آگے لے جانا چاہتے ہیں تو ہم ویلکم کرتے ہیں اور مزید تبدیلی اس میں لانا چاہتے ہیں، تو ہم ان کو خوش آمدید کہتے ہیں لیکن جناب سپیکر، یہ ایک حقیقت ہے کہ تبدیلی نظام کی تبدیلی کی وجہ سے نہیں آتی ہے، انسانوں کی تبدیلی سے تبدیلی آتی ہے، ذہنوں کی تبدیلی سے تبدیلی آتی ہے اور اسی لئے تو جناب رسول اللہ ﷺ نے مکہ معظمہ میں 13 سال انسانوں کے دل و دماغ پر محنت کی، ان کے ذہنوں کو بنایا اور اس کے بعد جب انہوں نے مدینہ منورہ میں جا کر سٹیٹ اور ریاست کے قیام کا اعلان کیا تو پھر وہ نظام اس طرح کامیاب چلا کہ پوری دنیا کی تاریخ میں اس کی مثال نہیں ملتی لیکن اگر آپ تبدیلی چاہتے ہیں، اگر موجودہ حکومت تبدیلی چاہتی ہے تو نظام کی تبدیلی کی وجہ سے جب تک ہمارے ذہن تبدیل نہیں ہوں گے، جب تک ہمارا دل و دماغ تبدیل نہیں ہوگا تو وہ نظام کامیاب نہیں ہو سکتا ہے جناب سپیکر، اس کیلئے درد دل رکھنے والے لوگوں کی ضرورت پڑتی ہے۔ اس نظام کے ساتھ ہمہ جہت اور

ہمہ تن مخلص لوگوں کی ضرورت ہوتی ہے، اگر اس نظام کے ساتھ ہمہ جہت اور ہمہ تن مخلص لوگ نہ ہوں تو پھر کوئی نظام کامیاب نہیں ہو سکتا ہے، اس سے تبدیلی نہیں آسکتی ہے، یہ ویسے خالی خولی نعرے ہوں گے لیکن اس سے تبدیلی نہیں آئے گی اور جناب والا، میرے بھائی نے بھی ٹاٹ کی بات کی اور اس کی تقریر کی وجہ سے میری باتوں کی اہمیت تھوڑی سی کم ہو گئی ہے لیکن پھر بھی میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کوہستان اور تورغر ایسے اضلاع ہیں جناب سپیکر، اس صوبے کے اضلاع میں کوہستان اور تورغر ایسے اضلاع ہیں کہ ہمارے اس صوبائی سیکرٹریٹ میں ان کا ابھی تک جونیئر کلرک تک نہیں ہے، سیکشن آفیسر، ڈپٹی سیکرٹری اور ڈائریکٹر یہ تو اور بات ہے لیکن ریکارڈ پر ہے یہ بات کہ ابھی تک ضلع کوہستان اور تورغر کا یہاں ہمارے اس صوبائی سیکرٹریٹ میں جونیئر کلرک تک نہیں ہے اور جناب سپیکر! نائب قاصد تک نہیں ہے، اس سے ان لوگوں کا پتہ چلتا ہے کہ وہ کس قسم کے لوگ ہیں، ان کی تعلیم و تربیت کی کتنی ضرورت ہے جناب والا! لیکن یہ بات میں ہمیشہ سے جب سے میں اسمبلی میں آیا ہوں تو میں کہتا رہتا ہوں کہ ابھی تک یہاں ہمارے اس صوبے میں رہنے والے لوگ کوہستان کی جغرافیائی ساخت سے واقف نہیں ہیں اور چونکہ ہم بھی اسی پسماندہ علاقے سے تعلق رکھتے ہیں تو ہماری بات کو بھی پسماندہ رکھا جاتا ہے، ہماری تجویز کو بھی پسماندہ رکھا جاتا ہے۔ جب تک کوہستان کے سو سو کلو میٹر Valleys میں روڈز نہ بنائے جائیں، رفت و آمد کو ممکن نہ بنایا جائے، وہاں اگر محکمہ صحت کے ادارے بھی بنائے جائیں، وہاں اگر محکمہ تعلیم کے ادارے بھی بنائے جائیں، جب وہاں تک باصلاحیت لوگوں کی رسائی ناممکن ہو تو وہ کیسے چل سکیں گے، وہ کیسے کامیاب ہوں گے؟ اگر آپ مانیٹرنگ سیل نہیں، سو مانیٹرنگ سیل آپ بھرتی کر لیں لیکن نہ وہ کوہستان کے پہاڑوں پر چل سکتے ہیں، نہ وہ اتر سکتے ہیں، نہ وہ سو سو کلو میٹر Valleys میں تین تین دن پیدل سفر کر سکتے ہیں لیکن ہم کہتے ہیں کہ اگر کوہستان کو Educate کرنا ہے، کوہستان کے لوگوں کو تعلیم یافتہ بنانا ہے تو سب سے پہلے ان لوگوں کیلئے آنے جانے کے راستے بنائیں لیکن بدقسمتی سے کوئی بھی اس طرف توجہ نہیں دے رہا ہے، جو بھی آتا ہے تو وہ اپنے ہی حلقوں کو نوازنے تک محدود رہتا ہے، یہاں پر مخلصانہ سوچ، پورے اس صوبے پر منصفانہ حکمرانی کی سوچ کسی میں بھی نہیں ہے۔ لہذا جناب والا، میں اپنی بات کو مختصر کرتا ہوں، یہاں اگر ایمرجنسی ہے تو میں تو یہ سوچتا تھا کہ کوہستان جیسے علاقے سے اگر کوئی بھی امیدوار منسٹر صاحب کے سامنے آتا ہے کہ

میں فلاں یونیورسٹی میں انجینئرنگ کیلئے داخلہ لینا چاہتا ہوں، میڈیکل میں داخلہ لینا چاہتا ہوں، فلاں یونیورسٹی میں داخلہ لینا چاہتا ہوں تو ان یونیورسٹیوں کے دروازے کھلے ہوں گے لیکن ایسا نہیں ہے جناب سپیکر، جب اس قسم کے نہ ہوں تو پھر یہ ایمر جنسی کس چیز کی ہے اور یہاں پر پشاور شہر میں بڑے بڑے پوسٹرز لگے ہوئے ہیں "صحت کا انصاف" میں کہتا ہوں کاش "تعلیم کا انصاف" کے بورڈز بھی لگے اور دستیاب وسائل کی منصفانہ تقسیم کے بورڈز بھی آویزاں ہوں۔ جب دستیاب وسائل کی منصفانہ تقسیم نہیں ہے جناب سپیکر، تو پھر کس چیز کا انصاف؟ جب وسائل نہ ہوں، جب ان علاقوں کیلئے آپ فنڈنگ نہ کریں، ان کو ان کا حصہ نہ دیں، نہ تعلیم میں دیں، نہ محکمہ صحت میں دیں، نہ مواصلات میں دیں، نہ بلدیات میں دیں تو پھر کس طرح کا انصاف ہو گا؟ تو لہذا مجھے امید ہے کہ ہمارے منسٹر صاحب کافی بیدار آدمی ہیں، نوجوان ہیں، ہمیں امید ہے کہ وہ تعلیم کے حوالے سے اچھے اقدامات کریں گے لیکن ساتھ ساتھ ایک بات آخر میں میں بتانا چاہتا ہوں کہ کوہستان جیسے علاقے میں زلزلے کی وجہ سے کم از کم منسٹر صاحب! کوہستان میں 400 سکولز گرائے گئے ہیں، گرے ہیں اور گرائے گئے ہیں لیکن اس بات پہ میں اپنے محترم بھائی سے اتفاق نہیں کروں گا کہ وہ ایم ایم اے کے دور میں گرائے گئے تھے، ٹھیک ہے زلزلہ ایم ایم اے کے دور میں آیا تھا 2005 میں، ERRA اور PERRA اسی دور میں بنی تھیں لیکن یہ 2008 کے بعد گرائے گئے ہیں اور ابھی تک ان کا کوئی پرسان حال نہیں ہے اور میں اپنے بھائی سردار ادریس صاحب کی اس بات سے بھی اتفاق نہیں کروں گا کہ اب ادھر نون لیگ کے گورنر آئے ہیں، وہ مرکز کے ساتھ بات کریں اور ان سے ERRA سے فنڈ نکالیں۔ یہ بھی معلوم ہونا چاہیئے ہمیں کہ ایک ERRA Council ہے اور ایک ERRA Board ہے تو ERRA Council کا ممبر اس صوبے کا چیف منسٹر ہے گورنر نہیں ہے، چیف منسٹر ہے اور اس صوبے کا چیف ایگزیکٹیو بھی ہمارا وزیر اعلیٰ ہے، تو لہذا یہ مسئلہ وفاق کے ساتھ اٹھانا چاہیئے، اگر ان بے زبان لوگوں کیلئے اگر لڑنا ہے تو پھر چیف منسٹر کو لڑنا ہو گا، گورنر صاحب کے لڑنے کا منصب نہیں ہے، لہذا ہم ان سیاسی باتوں سے ایک دوسرے پر (ذمہ داری) ڈال کر اس مسئلے کی اہمیت کو کم کریں یا ختم کریں تو کیا ہو گا؟ آج سو سکولز گرائے گئے ہیں اور اس میں تو جناب منسٹر صاحب! انکوائری ہونی چاہیئے۔ بعض ایسے سکولز جو قابل استعمال تھے، صرف دیار کی لکڑی کی نیلامی کیلئے انہوں نے گرائے ہیں اور بالخصوص وہ سکولز

گرائے گئے ہیں جو لنک روڈوں کے قریب تھے، لکڑ کو اٹھانا آسان تھا اور پھر پرانے لکڑ پالیسی کے حوالے سے ان کو منڈی میں لا کر فروخت کیا گیا ہے تو لہذا اس قسم کی صورتحال کا اگر آپ جائزہ نہیں لیں گے، اس پر انکوائری نہیں بٹھائیں گے تو یہ بات نہیں چل سکتی ہے جناب سپیکر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ جی، شکریہ، ماشاءاللہ۔

جناب محمد عصمت اللہ: توجناب سپیکر! میں معذرت چاہتا ہوں، میں نے کافی وقت لیا لیکن مجھے امید ہے کہ کم از کم کوہستان جیسے دور افتادہ پسماندہ، فلک بوس پہاڑوں میں بسنے والوں کے ساتھ منسٹر صاحب اپنے دل میں ضرور درد رکھیں گے اور ان کو اس جہالت سے، تعلیم کے نور سے منور کرنے کیلئے دوسرے صوبوں سے بڑھ کر مطلب خصوصی طور پر تور غر کیلئے بھی اقدامات اٹھائیں گے اور انہی باتوں پر میں اکتفا کرتا ہوں۔ وآخِرُالدَعوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔ جناب عاطف خان، بڑا لمبا انتظار کیا۔

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ سپیکر۔ میں سب سے پہلے سب ممبران کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے بھی چاہے ایمر جنسی کے Word کی وجہ سے ہو یا جس وجہ سے بھی ہو، اس کو اتنی Importance دی ہے اور اتنے جن لوگوں نے کوئی اس پہ فگرز لے کے آئے ہیں، جو کام کر کے آئے ہیں، جو انہوں اتنا اس پہ اپنا وقت لگایا ہے، ان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں، چاہے جس وجہ سے بھی ہے، ایمر جنسی کے Word کی وجہ سے ہے، چاہے Criticism کے طور پہ ہو لیکن اچھا ہوا ہے، میں اس بات پہ خوش ہوتا ہوں کہ کم از کم ہمارے سیاسی لوگوں کو تعلیم کی اہمیت کا جتنا احساس ہو گا، ان شاءاللہ اتنی جلدی یہ مسئلے ختم ہو جائیں گے، چاہے وہ یہاں ہمارے دوست بیٹھے ہوئے ہیں، بہت کم ہیں، یہاں پہ آپ کے بہت زیادہ ہیں، جتنے بھی ہیں، لیکن جیسے ہی سیاسی لوگوں کو جتنا زیادہ یہاں پہ احساس ہو گا تو یہی مسئلے اسی وجہ سے جلدی حل ان شاءاللہ تعالیٰ ہوں گے۔ میں آپ کو کچھ حقیقتیں بتانا پسند کروں گا کہ یہاں بھی کچھ لوگوں نے اعتراضات کئے، کچھ لوگوں نے اس پہ کئے کہ یہ Constructive criticism، کہ اس کا کوئی حل نکلے اور کچھ لوگوں نے Criticism برائے Criticism کی، آپ بھی سمجھتے ہیں، میں بھی سمجھتا ہوں، مطلب کوئی بچہ نہیں ہے

یہاں پہ کہ ان کو پتہ نہیں چل رہا کہ کس نیت سے باتیں ہو رہی ہیں، کس اس پہ ہو رہی ہیں؟ تو میرے خیال میں ہمیں Criticism اسلئے نہیں کرنی چاہیئے کہ آپ کو شاید یہ Role دیا گیا ہو کہ اگر جتنا بھی اچھا حکومت کام کرے، آپ لازمی اس کو Criticize کریں گے اور ہمارا Role، اگر ہم اچھا کام نہ بھی کر رہے ہوں تو ہم اس کو بڑھا چڑھا کے پیش کریں گے تو مطلب یہ تو ایک سلسلہ چلتا رہے گا لیکن یہ کہ کم از کم تعلیم میں میں Expect کرتا ہوں، سارے جتنے بھی آنریبل ممبرز ہیں کہ ایک Constructive، ایک Positive وہ کریں اور Suggestions دیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ سب مجھ سے سینیئرز ہیں، زیادہ اس میں، میں نے ابھی زرین گل صاحب سے پوچھا اور وہ کہہ رہے تھے کہ میں چھٹی بار یہاں پہ Elect ہو کے آیا ہوں اور کوئی پتہ نہیں پانچویں دفعہ، کوئی چوتھی دفعہ، عمر میں بھی، تو میں ان کو Appreciate کروں گا کہ مجھے وہ رائے دیں، مجھے Opinion دیں اور اچھی اس کیلئے دیں کہ ہم مزید اس سسٹم کو آگے بڑھا سکیں کیونکہ یہ صرف میرا صوبہ نہیں ہے، میرا کام نہیں ہے، آج میں منسٹر ہوں کل نہیں ہوں گا لیکن اگر یہ صوبہ تعلیم سے ٹھیک ہو گا تو میرے خیال میں یہ ہم سب کیلئے اور ہمارے آنے والے فیوچر کیلئے بچوں کیلئے بھی، یہ ہم ان کیلئے ایک ایسی خدمت کریں کہ میرے خیال میں اس سے زیادہ خدمت کا اور کوئی موقع نہیں ہو سکتا ہمارے لئے۔ اس کے بعد کچھ Facts and figures آپ کو بتانا چاہتا ہوں۔ یہاں پہ انہوں نے بتایا کہ جی یہ مسئلے ہیں، یہ چیز کم ہے، یہ چیز کم ہے لیکن وہی والی بات کہ جتنا آپ کو شاید اندازہ نہیں ہے کہ Situation اس سے بہت زیادہ بری ہے۔ میں کوئی Rosy picture نہیں پیش کروں گا کہ جی سب کچھ بہت اچھا ہے یا بہت اچھا ہو گیا ہے، میں آپ کو حقیقت میں بتاؤں گا اور اس میں یہ ایک دن کا کام نہیں ہے، ابھی آپ لوگ آپس میں جتنے بیٹھے ہوئے تھے، انہوں نے بھی اعتراض کیا کہ جی یہاں پہ بلڈنگیں تھیں تو وہ اس دور میں گری ہیں تو اس نے اس پہ اعتراض کیا۔ یہ ہم سب کا یہ پچھلے 65 سالوں کا Neglect ہے، یہ ایک حکومت کا نہیں ہے، نہ ایک ایم پی اے کا ہے یا نہ ایک ایجوکیشن منسٹر کا ہے، یہ پچھلے 65 سالوں کا Neglect ہے جس کو اس صورت میں میں آپ کو ابھی بتاتا ہوں کہ 1008 اس صوبے میں ایسے سکولز ہیں جن کی بلڈنگز ہی نہیں ہیں، جن کو Shelterless schools کہتے ہیں۔ یہاں پہ Missing facilities جن کا بار بار ذکر کیا جاتا ہے، Missing facilities آپ دیکھ کے حیران ہو جائیں گے کہ

46% سکولوں میں بجلی نہیں ہے، اٹھائیس، ساڑھے اٹھائیس ہزار ہیں تو آپ سمجھتے ہیں کہ کتنی Percentage بنتی ہے اس کی؟ Toilet کی Facility، 8% سکولوں میں Toilet کی Facility نہیں ہے تو 28 ہزار کا آپ 8% نکالیں تو وہ کتنے ہزار سکولز بنتے ہیں۔ اس کے علاوہ Clean drinking water، 36% سکولوں میں اس کا حساب کریں، کتنے ہزار سکولز ہیں جن میں یہ Clean drinking water نہیں ہے اور پھر Toilet کی Facility، لڑکے تو پھر بھی گزارہ کر لیں گے، یہ لڑکیوں کے ایسے بہت سارے سکولز ہیں جن میں Toilet facilities نہیں ہیں۔ اس کے علاوہ باؤنڈری وال، 30% سکولوں میں باؤنڈری والز نہیں ہیں۔ یہ ایسی چیزیں ہیں کہ یہ اگر آپ کہیں کہ جی یہ نو مہینے میں دس مہینے میں، یہ تحریک انصاف کا سارا گناہ ہے تو یہ تحریک انصاف کا گناہ نہیں ہے، نہ یہ حکومت کا گناہ ہے، یہ ساری جتنی بھی حکومتیں بھی آئی ہیں، انہوں نے اس چیز کو توجہ نہیں دی جس کی وجہ سے یہ سارے مسئلے بنے ہیں۔ اس کے بعد میں آپ کو باقی Requirements بتاتا ہوں کہ اس وقت ہم اگر ٹوٹل جتنی یہاں پہ آبادی ہے جو Out of school children's ہیں، کوئی کہتا ہے 15 لاکھ ہیں، کوئی کہتا ہے 20 لاکھ ہیں، کوئی کہتا ہے 25 لاکھ ہیں، اگر 15/20 لاکھ بچوں کیلئے ہم سکول کی Facility provide کریں تو اس کیلئے ہمیں 22 ہزار سکولز مزید چاہئیں، 22 ہزار سکولز، اگر ہم نے سارے ان بچوں کو سکولوں میں لے کر آنا ہے۔ اس کے بعد جو موجودہ انرولمنٹ کے مطابق ہیں، جو ہمیں مزید کمرے چاہئیں، 13 لاکھ کا ایک کمرہ بنتا ہے، 11 سے لیکر 13 لاکھ کا، شہری علاقوں میں 11 لاکھ کا بنتا ہے، پہاڑی علاقوں میں 13 لاکھ کا ایک کمرہ بنتا ہے اور 20 ہزار ہمیں مزید کمرے چاہئیں۔ یہ ساری Situation میں آپ کو اس واسطے بتا رہا ہوں کہ کم از کم آپ کو اندازہ ہو جائے کہ جی Situation کتنی بری ہے۔ یہ ہم جو بار بار کہہ رہے ہیں، ابھی ہم نے اگر اس میں ایمرجنسی لگائی ہے اور ہم اس حساب سے چیزیں پوری نہیں کر سکے ہیں تو میں مانتا ہوں کہ اس میں ہماری بھی کمزوریاں ہونگی لیکن کم از کم ہم نے ایمرجنسی لگا کے، یہ ایمرجنسی کا Word use کر کے اس کو ایک اہمیت تو دی جس کی وجہ سے آپ بھی ابھی اس پہ بحث کر رہے ہیں کہ جی آپ نے تو ایمرجنسی کا کہا تھا، یہ ساری چیزیں کیوں نہیں ہوئی ہیں؟ اس کے بعد میں آپ کو سٹینڈرڈ کا بتاتا ہوں، یہ تو آپ کو میں نے Excess اور Basic missing facilities کا بتایا ہے۔ جو سروے ہوا ہے، گریڈ تھری کے 28%

بچے صرف ایسے ہیں جو کہ پڑھ سکتے ہیں کلاس تھری میں اور گریڈ فائیو کے صرف 42% بچے ایسے ہیں جو صرف کچھ پڑھ سکتے ہیں، یہ نو مہینے کی یا دس مہینے کی رپورٹ نہیں ہے، یہ میں پھر کہوں گا کہ یہ 65 سالوں کا Neglect ہے۔ جو ابھی یہ سٹینڈرڈ کی میں آپ کو بات بتارہا ہوں، یہ Situation ہے، میں نے کوئی آپ کو Rosy picture نہیں بتائی، میں نے کوئی آپ کو یہ نہیں بتایا کہ جی بہت اچھی Situation ہے اور بہت ہم نے کوئی کمال کر دیا لیکن کم از کم اس پہ ایک کام شروع ہے، کام ہم نے کر دیا ہے، شروع کر دیا ہے Positive direction میں اور جو میں آپ کو بتاتا ہوں کہ کچھ چیزیں ایسی ہیں کہ ہم نے کچھ کچھ عرصے میں کر لی ہیں، کچھ ایسی چیزیں ہیں جو ابھی پراسیس میں ہیں اور کچھ ایسی چیزیں ہیں جو آئندہ آنے والے اس دوران میں ہم کریں گے۔ یہاں پہ بھی بابک صاحب نے اٹھ کے کہا کہ جی مانیٹر نگ بہت ضروری ہے، اکثر آپ لوگوں نے دیکھا ہو گا کہ جی شکایت آتی ہے کہ جی وہ ٹیچر ز تو ڈیوٹی نہیں کرتے، تنخواہ لیتے ہیں سکول بھی نہیں آتے، کم Percentage ہو گی لیکن یہ بات بہت بڑھا چڑھا کے کی جاتی ہے۔ پھر یہ کہا جاتا ہے کہ 30 ہزار تنخواہ لیتے ہیں اور اپنی جگہ پانچ ہزار کا لڑکا یا لڑکی پابندے رکھے ہوتے ہیں، وہ سکولوں میں ڈیوٹی کرتے ہیں، ٹیچر خود آتا نہیں ہے اور ایک طرف سے شکایت آئی ہے کہ جی مانیٹر نگ کی کیا ضرورت ہے؟ مانیٹر نگ کی ضرورت ہے، ساڑھے اٹھائیس ہزار Locations کو پورے صوبے میں، جس طرح مولانا صاحب نے کوہستان کے بارے میں کہا کہ ایسی ایسی جگہیں ہیں جہاں پہ پیدل جانا پڑے گا، روڈ سے کتنی دور ہیں تو ساڑھے اٹھائیس ہزار جگہوں کو کنٹرول کرنا، ان کو مانیٹر کرنا، ان کو Govern کرنا، وہاں پہ ساری چیزیں دکھانا کہ یہ چیزیں یہاں پہ Available ہیں، ٹیچر آتا ہے کہ نہیں آتا، یہ بہت مشکل کام ہے اور اس کیلئے مانیٹر نگ بہت ضروری ہے، اس واسطے ہم نے یہ مانیٹر نگ سسٹم جو شروع کیا ہے، وہ میں نے کل بھی تھوڑی بہت تفصیل آپ کو بتائی تھی، اس کا ان شاء اللہ تعالیٰ آپ دیکھیں گے کہ بابک صاحب نے ایک بات کا ذکر کیا کہ جی سی ایم صاحب کہتے ہیں کہ ٹیچر ز ڈیوٹی نہیں کرتے، ان ٹیچر ز کی میں بذات خود عزت کرتا ہوں اور اپنے سر پہ بٹھاؤں گا، ٹیچر کا پیشہ ایسا ہے، جو اپنے عہدے کے ساتھ انصاف کرتے ہیں، جو ڈیوٹی کرتے ہیں لیکن جو ٹیچر اس پیشے کے اس کور کھتے ہوئے کہ ایک ٹیچر ہے، بہت کم Percentage ہو گی لیکن جو ٹیچر ہے، والدین کے برابر اس کا مقام ہے اور وہ تنخواہ لیتا ہے اس غریب قوم کی اور وہ ڈیوٹی نہیں کرتا تو میرے

خیال میں وہ سزا کا مستحق ہے، اس میں آپ کو میرا ساتھ دینا ہوگا کہ جو ڈیوٹی نہیں کرتا اور تنخواہ لیتا ہے، وہ ٹیچر، میں صرف اس Specific کی بات کر رہا ہوں، سارے ٹیچرز کی میں بات نہیں کر رہا، اس کے خلاف ایکشن ہونا چاہیئے کہ نہیں ہونا چاہیئے؟ اس میں مجھے آپ کے اس کی ضرورت ہوگی کہ جو بھی ان شاء اللہ تعالیٰ اس میں کوتاہی کرے گا، اس کے خلاف ہم سب مل کے ایکشن لیں گے اور اس کی کوئی سفارش نہیں ہونی چاہیئے، یہ ایک بات۔ دوسری بات یہ کہ ڈیٹا آتا ہے آئی ایم ایس کہ جی یہ آئی ایم ایس، پھر میں دوبارہ Repeat کرتا ہوں کہ ساڑھے اٹھائیس ہزار جگہوں کو مانیٹر کرنا، وہاں دیکھنا کہ کیا کیا ہو رہا ہے، بہت مشکل کام ہے، اس کی وجہ سے ہمیں ساڑھے اٹھائیس ہزار جگہوں سے روزانہ ایک رپورٹ آئے گی Real time، کہ کہاں پہ کیا مسئلہ ہے؟ ہمیں یہ پتہ چلے گا کہ کہاں پہ ڈیوٹی، کوہستان کا اگر آپ دیکھ لیں کہ کوہستان میں کتنے، ٹیچرز کی سب سے زیادہ غیر حاضری جو ہے وہ کوہستان میں ہے، یہ ہمیں Basic کام کرنا پڑے گا کہ جب تک ہم ٹیچر، جو نہیں ہے وہ تو نہیں ہے، جو سٹینڈ ہے وہ تو الگ ہے لیکن کم از کم جو ٹیچر تنخواہ لے رہا ہے تو اس کو تو حاضر ہونا چاہیئے، اس کو تو ہم روک سکتے ہیں کہ جی آپ آؤ ڈیوٹی پہ اور اگر نہیں آئے گا، یہ پچھلے کچھ عرصے میں ہم نے ساڑھے چھ سو ٹیچرز کے خلاف ایکشن لیا، Disciplinary action، اس میں Termination بھی ہے، اس میں تنخواہیں روکنا بھی ہے، اس میں Premature retirement بھی ہے، کافی سارے، ہم نے ان کے خلاف ایکشن لیا ہے۔ پھر ہم نے یہاں پہ بات ہوئی فیمیل کیلئے، گرلز ایجوکیشن کے حوالے سے، فیمیل ایجوکیشن کے حوالے سے جو نئے سکولز بنیں گے ان شاء اللہ تعالیٰ، پہلے تو میں یہ کلیئر کر دوں کہ کچھ Basic چیزیں ہیں، آپ یہ اندازہ کریں کہ دو کمروں کا سکول بنتا تھا، اس میں چھ کلاسیں ہوتی تھیں، اب میں خود جاتا تھا اور بچوں کو باہر بٹھایا ہوتا تھا، کیوں بٹھایا ہوا ہے؟ جی دو کلاسیں ہیں، دو ٹیچرز ہیں۔ وہ چھ کلاسوں کو کیسے پڑھائے گا، یہ بڑا ایک Basic structure میں پرابلم بھی ہم نے Approve کرا لیا ہے اور ان شاء اللہ تعالیٰ جو بھی نئے سکولز بنیں گے، پرائمری سکولز، وہ کم از کم چھ کمروں کے ہوں گے تاکہ بچے، چھ کمروں کے اور چھ ٹیچرز ہوں گے، تاکہ کم از کم ان بچوں کو Proper attention مل سکے اور وہاں پہ گرمی میں سردی میں وہ بیچارے باہر نہ بیٹھے ہوں تو ان کیلئے یہ ہم نے ایک Practically کر دیا ہے۔ یہ میں اس کی بات نہیں کر رہا کہ یہ کریں گے، یہ شروع ہو گیا ہے۔ اس کے

علاوہ Sports facilities کی بابک صاحب نے بات کی کہ ہم نے گراؤنڈز بنائے۔ اکثر آپ لوگوں نے دیکھا ہوگا کہ سکول میں جب تک بچوں کو آپ اس حساب سے ماحول نہیں دیں گے، وہ بچے سکول آئیں گے ہی نہیں، میرے خیال میں وہ ایسی خراب حالت میں کچھ سکولز ہیں کہ وہاں پہ تو بڑوں کا دل نہیں چاہتا جانے کو تو بچے کیا جائیں گے؟ بچے تو ظاہری بات ہے وہ تو اپنے Will پہ جائیں گے، تو ہم نے سپورٹس کو زیادہ اس کیلئے بڑھانے کیلئے ہم نے 980 سکولز کو ہم نے Criteria کے تحت، Criteria کے تحت ہم نے 980 سکولز کو ایک ایک لاکھ روپے Per school دیئے جو کہ چلے گئے ہیں، پی ٹی سیز کے تھرو وہ پیسے لگیں گے اور وہ ہم نے دیئے ہیں، صرف Sports kits کی پرچیز کیلئے، کہ وہاں پہ بیڈ منٹن ہو گیا، کرکٹ ہو گیا، فٹ بال ہو گیا، جو بھی، وہ جو اپنی مرضی سے وہ خریدنا چاہیں، ایک لاکھ روپے Per school تاکہ جتنے بچے صحت مند ہوں گے، Physically اتنی ان کی Ability بڑھے گی اور ان کی Mental health بھی اچھی ہوگی۔ اس کے بعد ہم نے سکول کی ریکروٹمنٹ جو ہے ٹیچرز کی، وہ ہم نے شروع کی ہے اور میں بتا چکا ہوں کہ کتنے اچھے Transparent طریقے سے اللہ کا شکر ہے کہ وہ ہم نے ایک مرحلہ پورا کر لیا ہے اور مزید چھ ہزار اور بھرتی ہونے ہیں اور ہم نے ان کو School based کیا ہے، جو ہماری ابھی پالیسی ہے، یہ ٹیچرز کا ٹرانسفر جو ہوتا ہے، اس پہ ہمیشہ یہ مسئلے آتے ہیں کہ ٹیچر ہے، اس کا ٹرانسفر ہوتا ہے اور وہ کبھی ایک ایم پی اے، ایم پی اے کے پاس پہنچنا تو کوئی مشکل تو نہیں ہوتا یا سارے سیاسی لوگ ہوتے ہیں، کسی کے حجرے میں بھی چلے جاتے ہیں، وہ آتا ہے، اس سے لیٹر لے کے کہ جی اس کو ادھر لگادیں کیونکہ کہتے ہیں جی، الیکشن کے دن ڈیوں کے قریب تو وہی بیٹھے ہوتے ہیں، گننا تو انہوں نے ہے، ٹیچرز نے ہے تو پھر اسی وجہ سے ان کے ساتھ Affiliation بھی زیادہ ہوتی ہے، ٹیچرز کی ٹرانسفر بھی کرنا ہوتی ہے تو ایک ایم پی اے آتا ہے کہ جی اس کی ادھر ٹرانسفر کر دیں، دوسرا ایم پی اے آتا ہے کہ اس کی ادھر ٹرانسفر کر دیں۔ ایک حکومت آتی ہے تو ایک جو پولیٹکل پارٹی کے لوگ ہوتے ہیں، ان کو ادھر پہاڑوں پہ پہنچا دیتے ہیں جو دوسرے پارٹی کی حکومت آتی ہے تو ان کو ادھر پہاڑوں پہ پہنچا دیتے ہیں تو اس سے Political interference بہت بڑھ جاتی ہے۔ تو ہم نے دو کاموں کیلئے، نمبر ون کہ ٹیچرز Permanent basis پہ ایک سکول میں رہیں تاکہ سکول کی Ownership ہو ان کی اور ان کے ساتھ کوئی Assessment ہو سکے کہ جی سکول کا ریزلٹ

اچھا ہے، برا ہے، جو بھی ہے۔ اب کوئی نہیں کہے گا کہ جی میں تو چھ مہینے پہلے ٹرانسفر ہو کے آیا، تو اس کو ختم کرنے کیلئے اور دوسرا پولیٹیکل اس میں Involvement ان کی نہ ہو ٹیچرز کی، اس سے ختم کرنے کیلئے یہ نہ ہو کہ ایم پی ایز، ایم این ایز کے پیچھے پھرتے رہیں کہ میری ادھر ٹرانسفر کر دیں میری ادھر ٹرانسفر کر دیں، ہم نے School based recruitment شروع کی ہے اور ان شاءاللہ تعالیٰ ان کیلئے پراسیس ایسا ہو گا کہ اسی سکول میں ان کی پروموشن ہو گی اور اسی سکول میں وہ ریٹائر ہو جائیں گے، مزید سکولوں میں ٹرانسفر کا سلسلہ ختم ہو جائے، آپ لوگوں کی، ایم پی ایز صاحبان کی بھی جان چھوٹ جائے گی اور میری بھی جان چھوٹ جائے گی کیونکہ یہی زیادہ تر مسئلہ ہوتا ہے کہ وہ آتے ہیں آپ لوگوں کے پاس، آپ لوگ پھر ہمارے پاس آتے ہیں، اس سے پھر لڑائیاں بنتی ہیں، خفگی بنتی ہے۔ اس دفعہ ان شاءاللہ تعالیٰ جو بجٹ ہم بنائیں گے ایجوکیشن کا، ایجوکیشن کا جو بجٹ ہے، پہلے جس طریقے سے بنتا تھا، کبھی چیف منسٹر کی اس میں میرے خیال میں کوئی Involvement نہیں رہی کہ ایک ڈیپارٹمنٹ کا بجٹ بننے سے پہلے ان کو ہم بریفنگ دے رہے ہیں۔ انہوں نے خود کہا ہے ان کو ہم ٹائم دے رہے ہیں کہ ہم اپنی Requirement کے مطابق، اپنی Requirement کے مطابق کہ جس جس چیز کیلئے ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کو پیسے چاہئیں اس کے مطابق بجٹ سے پہلے چیف منسٹر کی موجودگی میں، فنانس ڈیپارٹمنٹ کی موجودگی میں ہم Need basis پہ کہ جو جو ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی Requirements ہیں، اس کے مطابق بجٹ بنایا جائے اور جو مسئلے ہم نے Identify کئے ہیں، جو ہمیں زیادہ ضروری لگتے ہیں Priority کے حساب سے، وہ ان شاءاللہ تعالیٰ پہلی دفعہ اس بجٹ میں ہوں گے۔ اس کے بعد ہم نے آفسز میں یہ آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کی مدد سے بائیومیٹرک اٹنڈنٹس سسٹم شروع کیا ہے، پہلے مرحلے میں ہم نے کوئی سو کے قریب جو ہمارے آفسز ہیں، ان میں لگا رہے ہیں بائیومیٹرک اٹنڈنٹس سسٹم، جس کو یہاں صوبائی لیول پہ مانیٹر کیا جا سکتا ہے، جس کا ریکارڈ ہو گا جو Tamper نہیں ہو گا اور اس کا Dashboard بنا ہو گا، اس کا پتہ چل سکے کہ کیا ہو رہا ہے؟ تو ہم نے Initial stage پہ سٹارٹ کیا ہے آفسز سے اور ان شاءاللہ تعالیٰ Next phase میں جیسے جیسے آگے بڑھتے جائیں گے تو ہم پھر سکولوں میں شروع کریں گے، ایک سکول میں دوسرے سکول میں تاکہ وہاں پہ بھی یہ مسئلہ ان کا حل ہو سکے۔ پھر ایک جو Basic missing facilities کی بات ہوئی، گورنمنٹ کے

بجٹ سے جو ہو سکتا ہے، ڈونرز کی مدد سے جو ہو سکتا ہے، یہ Toilet کا، باؤنڈری وال کا۔ اس کے علاوہ ہم یہ چاہتے ہیں کہ یہ پراسیس تیز ہو جائے جس طرح آپ لوگ بھی کہہ رہے ہیں کہ یہ پراسیس تو بہت Slow ہے اور ہمیں کچھ سامنے نظر نہیں آرہا، ہم بھی یہ چاہتے ہیں کہ یہ پراسیس تیز ہو جائے، اس کیلئے ہم نے یہ ایک طریقہ سوچا ہے، ہم نے عمران خان صاحب سے، چیئرمین صاحب سے یہ ریکویسٹ کی کہ ہم ایک تعمیر سکول کا پروگرام شروع کریں، اس کی میں آپ لوگوں کو بھی ڈیٹیل بتاتا ہوں تاکہ آپ لوگوں کو پتہ چل جائے۔ تعمیر سکول پروگرام ہم شروع کر رہے ہیں، ان شاءاللہ تعالیٰ عنقریب اس کی Launching ہو گی اور اس میں ہو گا یہ کہ ہم سٹارٹ میں 121 سکولز ہم ڈال دیں گے ویب سائٹ پہ Initially as a pilot اور ان کی Requirements ڈال دیں گے کہ جی اس میں اتنے کمرے چاہئیں، اتنے Toilets چاہئیں، اتنے اس میں کمپیوٹر لیب کی ضرورت ہے اور ان کی Requirement ہو گی، وہ پورے اس پہ اور Estimated cost ہو گی اس کی۔ نمبر ون، اس میں پوری دنیا میں سے پاکستانی ہوں، پاکستان کے اندر ہوں، پاکستان سے باہر ہوں، جو بھی ہوں، وہ اپنی مرضی کے سکول میں، اپنی مرضی کے شہر میں، اپنی مرضی کے سکول میں، اپنی مرضی کے آئٹمز کو وہ Sponsor کر سکتے ہیں، For example میں کہتا ہوں کہ جی مردان میں پار ہوتی میں سکول ہے، گرلز سکول ہے، اس میں میں نے ایک Toilet بنانا ہے، اس کیلئے اتنے پیسے لگتے ہیں تو اس میں وہ فنڈ دے سکتا ہوں Specific شہر میں، Specific school میں اور Specific item کیلئے میں یہ پیسے دے سکتا ہوں اور اس کو میں مانیٹر کروں گا۔ جب آپ پیسے دیں گے، اس کا ایک آپ کے پاس Identification number آئے گا، Tracking number آئے گا، اس سے آپ اپنے پیسے کو Track کر سکتے ہیں۔ ہم Latest technology کے ذریعے Geo coordinates کے ذریعے، وہاں پیسے سرکاری ڈیپارٹمنٹ کے تھرو نہیں لگیں گے کہ جی یہ سی اینڈ ڈبلیو لگا رہا ہے، فلاں لگا رہا ہے، Parents Teachers Committee جو ہے وہ لگائے گی کیونکہ ایک تو نمبر ون اس میں جو بچے ہیں، وہاں پہ ان کے Parents کی کمیونٹی کی Involvement ہو گی، ان کو فکر ہو گی، ان کے تھرو وہ پیسے لگیں گے اور وہ پیسے جیسے جیسے لگتے ہیں اس کی Verification ہو گی، اسی جگہ سے وہ تصویر کھینچیں گے اور وہ بھیجیں گے Verification کیلئے، پی ٹی سی اس کو Verify اور Geo

coordinates کے ذریعے وہ Identify ہو گی کہ یہیں سے یہ تصویر لی گئی ہے، وہ جب جائے گی تو Verification اس کی ہو گی اور مزید پیسے آئیں گے۔ایک اور سٹیج تک، For example سٹرکچر بن جاتا ہے، پھر اس کی تصویر لی جائے گی اور پھر Parents Teachers Committee اس کی Verification کرے گی اور اس کے بعد مزید پیسہ آئے گا۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان شاءاللہ تعالیٰ اس سے ہمارا، ہم نے عمران خان صاحب سے بات کی اور یہ میں سمجھتا ہوں کہ ان کا بڑا پن ہے اور میں ان کا شکریہ بھی ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے کیونکہ ان کے سیاسی اختلافات جو بھی ہوں، آپ لوگوں کے ہوں گے، کسی کے بھی ہوں گے لیکن کم از کم ان کی Financial credibility ایسی ہے کہ جس پہ کوئی شک نہیں کرتا، ان کو لوگ پیسے ہسپتال کیلئے بھی دیتے ہیں، ان کو لوگ پیسے اس کیلئے نمل یونیورسٹی کیلئے بھی دیتے ہیں تو ان سے ہم نے ریکویسٹ کی کہ اس کی Ownership لیں اور آپ یہ کہیں کہ ہاں میں اس کو Supervise کرونگا اور میں کہتا ہوں کہ ان شاءاللہ تعالیٰ اس میں ٹرانسپرنسی ہو گی، کوئی آدمی اس پہ گڑبڑ نہیں کریگا، تو وہ Agree ہو گئے ہیں اور ان شاءاللہ تعالیٰ ہم اس پروگرام کو Launch کرینگے، جلدی سے جلدی، ہو سکتا ہے ہفتے دو ہفتے کے اندر اس کو Launch کریں۔اس سے یہ پراسیس جو ہے یہ تیز ہو جائے گا، ہر مہینے اس میں مزید 100 سکولز ڈالتے جائیں گے اور یہ جتنے بھی مسئلے مسائل ہیں ہمارے، ان شاءاللہ تعالیٰ اللہ کرے مزید یہ پراسیس اس کا تیز ہو جائے جو آپ کہہ رہے تھے کہ جی ختم ہونے چاہئیں۔اس کے بعد فرنیچر کا تھا، ہماری خواہش ہے کہ یہ ٹاٹ کا سسٹم جو ہے وہ لوگ کہ جی 'اپچی سونین' ہیں اور یہ 'ٹاٹیئن' ہیں اور اس طرح کی باتیں جو ہم سنتے ہیں کہ کم از کم ٹاٹ کا سسٹم ختم ہو جائے۔ Requirements منگوائیں، 21 لاکھ کرسیوں کی Out of four million، 40 لاکھ بچوں میں سے 21 لاکھ کرسیوں کی Requirement آئی کہ جی 21 لاکھ کرسیاں چاہئیں، اس کا حساب کتاب کیا، سات ارب روپے اس پہ لگتے تھے تو ہم نے یہ سوچا کہ اس بجٹ میں ابھی اس پہ تو کم از کم سات ارب تو ہم نہیں دے سکتے، پھر ہم نے سوچا کہ چلو یہ جو چھوٹے بچے ہیں، وہ تو پھر بھی زمین پہ کھیلتے ہیں لیکن جو بڑے مطلب Specially آپ دیکھیں کہ میٹرک میں ہوں یا آٹھویں میں ہوں، اس میں بچیاں بچے، تو وہ ان کیلئے ہم نے اوپر کے لیول سے شروع کیا ہے اور وہ ایک پراسیس ہم نے شروع کر دیا ہے۔آج بھی آپ لوگوں نے اخبار میں پڑھا ہو گا کہ

پشاور سے کچھ فنڈز ریلیز ہو گئے ہیں تو ان شاء اللہ تعالیٰ اوپر سے شروع کیا اور کوشش ہے کہ جلدی سے جلدی نیچے لیول تک اس پراسیس کو لے آئیں اور یہ فرنیچر ہم پورا کر دیں۔ اس کے بعد تو یہ Reconstruction of earthquakeاور Damageکا، فلڈ سے جو Damageہیں، یہ ڈیٹیل میں یہاں پر آپ کو، اگر کہتے ہیں، سپیکر صاحب! مجھے پتہ نہیں ہے آپ بھی بور ہو گئے ہیں، ایسا لگتا ہے کہ شاید تنگ نہ ہوں لیکن میں ڈیٹیل میں بتادونگا کیونکہ یہ ضروری چیزیں ہیں۔ یہ Damaged schoolsہیں، ڈیزاسٹر کی وجہ سے 1991، فلڈ کی وجہ سے 1052، Militancy hit 322، ابھی تک جو Damaged schoolsہیں اس صوبے میں، یہ 3365 ہیں ابھی تک، تو میں آپ سے، مطلب ہے وہ پولیٹیکل پوائنٹ سکورنگ تو ہوتی رہے گی، آپ کہیں کہ آپ نے کچھ نہیں کیا اور میں کہوں کہ جی میں نے بہت کچھ کر لیا ہے، وہ تو ایک سلسلہ ہے چلتا رہے گا لیکن اگر ہم Positiveاقدام کریں تو کم از کم ان سکولوں کیلئے جن میں سے 587 کیلئے کوئی Commitment نہیں ہے فنڈ کی، ان میں سے 650 شروع نہیں ہو سکے ہیں کیونکہ ان کی فنڈنگ نہیں ہے، 454اور ہیں، یہاں پر ایک بھائی نے Suggestionدی کہ یہ پہلے Specially earthquake والے جو تھے، یہ ERRA کی ذمہ داری تھی، ان کے پیسے آئے تھے کہ جی انہوں نے بنانے ہیں، کوئی کہتا ہے کہ جی وہ پیسے ملتان چلے گئے ہیں تو کوئی کہتا ہے کہ وہ پیسے پتہ نہیں کدھر چلے گئے ہیں لیکن جہاں بھی ہیں ان سکولوں پہ نہیں لگے جہاں پہ لگنے چاہئیں۔ تو میں یہاں پہ سپیکر صاحب، اگر آپ کہتے ہیں، آپ اپنی مرضی سے بنانا چاہتے ہیں کمیٹی، تو ایک کمیٹی بنالیں اور جس کو بھی آپ ہیڈ مقرر کرنا چاہتے ہیں اور جس کو آپ ممبر بنانا چاہتے ہیں، آپ ان لوگوں میں سے ہمارے جو بھائی اپوزیشن کے ہیں، پارلیمنٹری لیڈرز ہیں، ہماری گورنمنٹ کے جو ہیں، ان کی یہ ایک کمیٹی بنادیں تاکہ ہم کو جس لیول پہ جانا پڑے، پرائم منسٹر کے پاس جانا پڑے، جس کے پاس بھی جانا پڑے، فنانس منسٹر کے پاس جانا پڑے، فیڈرل ایجوکیشن منسٹر کے پاس جانا پڑے اور ان سے ہم یہ مانگیں کہ جی اس میں کم از کم ہمارے ساتھ یہ کر لیں کیونکہ یہ صوبائی حکومت کے بس کی بات نہیں ہے کہ ہم دو ہزار سکولز یا تین ہزار سکولز بنا پائیں، یہ مسئلہ اس طریقے سے حل نہیں ہوگا۔ تو یہاں پر بی بی نے ذکر کیا کہ ایک سکول ہے، وہ تصویر آئی تھی، میں نے بھی دیکھی تھی کہ بچے بارش میں بیٹھے ہوئے تھے، وہ بھی Militancy hit schoolہے، تو اسلئے میں کہتا

ہوں کہ اس کی ایک کمیٹی آپ بنالیں جس میں سب کو ممبرز بنالیں اور ان کا ہم Delegation لیکر جائیں تاکہ کوئی Concrete ایک Step تو ہو تاکہ Seriousness کا پتہ بھی چلے کہ ہاں جی ہم بھی Serious ہیں اور آپ لوگ بھی Serious ہیں، صرف یہ نہیں کہ ہم نے بھی بات کرلی اور آپ نے بھی بات کرلی اور گھر چلے گئے اور بات ختم ہو گئی۔ اس کیلئے میرے خیال میں اگر ایک Solid concrete step ہے، اس کو آپ جیسے کرنا چاہتے ہیں آپ کرلیں۔ اس کے بعد ہم نے ایک Redressal, Complaint Redressal System شروع کیا ہے اپنے ڈیپارٹمنٹ میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ میں ایک وضاحت کرنا چاہتا ہوں، اس میں حکومت اور اپوزیشن دونوں کی Consent ہو تو پھر اس کی کمیٹی ہم بنا سکتے ہیں اس پہ۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: میری طرف سے تو کوئی اس میں، آپ ان سے پوچھ لیں، میرے خیال میں ان کو کوئی اعتراض نہیں ہونا چاہیئے، کمیٹی بنالیں اور وہاں اسلام آباد جاکے جن سے بھی ملنا پڑے، ان سے ہم مل لیں۔

ایک رکن: ممبر تو ہیں۔

جناب سپیکر: نہیں وہ ٹھیک ہے، وہ تو ممبر ہے لیکن اس کو Pursue کریں، پرائم منسٹر سے ملیں، اس کی Follow up کریں۔۔۔۔۔

(شور اور قطع کلامی)

جناب سپیکر: اوکے، ٹھیک ہے۔ عاطف صاحب۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: پھر ہم نے یہ Complaint Redressal System شروع کیا ہے ایک اپنے ڈیپارٹمنٹ میں، فی الحال دو ڈسٹرکٹس میں ہے، Pilot basis پہ اور اس میں ہم ایک نمبر ہے، اس پہ Call کرینگے، جس کو بھی ڈیپارٹمنٹ کے حوالے سے جو بھی شکایت ہو وہ شکایت ادھر بتائیں، ان کو ایک اگر ای میل کے ذریعے، ایس ایم ایس کے ذریعے، فون کال کے ذریعے، ان کو ایک نمبر دیا جائے گا اور وہ نوٹ ہو گا، ان کا نمبر نوٹ ہو گا، ان کی جو بھی شکایت ہے وہ نوٹ ہو گی اور اس پہ جو بھی ایکشن لیا جاتا ہے، اس کو اس دوران، ایس ایم ایس کے دوران یا ای میل کے ذریعے اس کا جواب جائے گا کہ جی آپ کا ایک

مسئلہ آیا تھا، اس پہ یہ ایکشن لیا گیا ہے اور اس میں کیٹگریز ہیں، Most urgent ہے، Urgent ہے اور Ordinary ہے۔ اس کا اپنا ٹائم ہے کہ جی For example ordinary کیلئے دو ہفتے کا ٹائم ہے، Urgent کیلئے تین دن کا ٹائم ہے اور اس پہ اگر کوئی کارروائی نہیں ہوتی تو وہ Automatically، اگر کچھ ایسے مسئلے ہونگے جو ڈسٹرکٹ سے Related ہونگے، ڈسٹرکٹ میں اگر وہ آئے گا تو وہ Automatically اگر اس پہ ایکشن نہیں لیا جاتا، پہلے دو دن تو ڈی ای او کو وارننگ آئے گی کہ جی یہ ایک مسئلہ آیا تھا اور آپ نے اس پہ ایکشن نہیں لیا، وہ Automatically پھر ڈائریکٹر لیول پہ آئے گا، اگر پھر بھی اس پہ ایکشن نہیں لیا جاتا تو وہ Escalate ہوتا جائے گا، وہ خود سسٹم ایسا ہے کہ وہ Escalate ہوتا جائے گا اور وہ سیکرٹری اور منسٹر لیول تک آئے گا کہ جی یہ شکایت آئی تھی اور اس پر ابھی تک کوئی ایکشن نہیں لیا گیا یا اگر لیا گیا ہے تو کیا ایکشن ہے؟ تو یہ ان شاء اللہ تعالیٰ دو دنوں میں ہم نے شروع کیا ہے Pilot basis پہ اور مزید پورے اس صوبے میں Technically ہم دیکھ رہے ہیں کہ جی کوئی پرابلمز اگر، ٹیکنکل چیزوں میں یہ ہوتا ہے کہ شروع میں Dealing problems ہوتے ہیں تو اگر اس میں مسئلے نہیں آتے تو یہ پورے صوبے میں ان شاء اللہ تعالیٰ اس کو پھیلائیں گے۔ مردان صوابی، اس وقت دو مردان صوابی ہیں Pilot basis پر ایک مہینے کیلئے۔۔۔۔

ایک رکن: Permanent کیوں نہیں؟

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: نہیں، تو یہ ایک مہینے کیلئے ہے۔۔۔۔۔

(شور اور قطع کلامیاں)

اراکین: باقی اضلاع میں بھی شروع کرو۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: نہیں، تو اگر ایک مہینے پہ آپ لوگوں کو، اتنا عرصہ اگر یہ نہیں تھا تو اگر ایک مہینہ اور بھی نہ ہوا تو میرے خیال میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔۔۔۔۔

(شور اور قطع کلامیاں)

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: نہیں، باقی اگلے مہینے ان شاء اللہ تعالیٰ پورا صوبہ شروع ہو جائے گا۔ اچھا پھر اس میں ہم نے اس کے بورڈز آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن جو ہیں، جو Examination

boards ہیں، ان کی ہم کوشش کر رہے ہیں Restructuring کی، کچھ تو ہم نے اس پہ Administrative basis پہ کچھ Measures لیے ہیں اور کوشش کی ہے کہ Examination میں Cheating کم از کم ہو جائے، مطلب ایک تو Cheating وہ ہے جو کہ بچے مطلب عام طور پہ جیب میں کچھ ڈال کر لے آئیں اور وہاں چپکے سے کریں، وہ تو اور چیز ہے لیکن جو آرگنائزڈ ہے، جو مافیا ہے، جو وہاں پہ وہ ہے، اس کو ختم کرنا ہے۔ اس کیلئے ہم نے کافی Administrative اس پہ ایکشنز لیے ہیں اور ان شاءاللہ تعالیٰ ٹیکنالوجی کے ذریعے اس میں کوشش کر رہے ہیں کہ مزید چینجز لا کر اس میں وہ کیا جائے۔ ہم نے Enrolment campaign شروع کی پچھلے سال، اس میں ہم نے تین لاکھ بچے Enroll کئے اور یہ بات میں مانتا ہوں کہ کچھ جگہوں میں Already بہت زیادہ بچے ہیں کلاسوں میں لیکن پرابلم یہ ہے کہ اگر فرض کریں 15 لاکھ 20 لاکھ بچے سکولوں سے باہر ہیں اور ہم یہ صبر کریں کہ جی جب ہم کمرے بنائیں گے، تو 13 لاکھ کا ایک کمرہ بنتا ہے اور 20 ہزار ہمیں کمرے چاہئیں تو اگلے پانچ سال میں اگر ہم کمرے نہیں بنا پاتے تو وہ بچے، ان کی عمر تو بڑھ رہی ہے، ان کی وہ تو School going age سے تو ان کی عمر بڑھ رہی ہے تو ہم انتظار نہیں کر سکتے۔ اس واسطے ہم اگر گزارہ بھی کریں، تھوڑے بچوں کو زیادہ بھی کلاسوں میں ڈالنا پڑے لیکن ان شاءاللہ تعالیٰ وہ ہم ایک کوشش کر رہے ہیں۔ آخری میں بات کرونگا آئی ٹی لیب کی، آئی ٹی لیب بہت زیادہ کم ہیں ہمارے صوبے میں، سکولوں میں تقریباً نہ ہونے کے برابر ہیں۔ اس کیلئے ہم نے ایک پروگرام بنایا ہے اور اس پہ ان شاءاللہ تعالیٰ اس کی Hiring بھی شروع ہو گئی ہے اور کوشش کر رہے ہیں کہ جلدی سے جلدی IT labs specially higher secondary میں یا ان سکولوں میں بنائے جا سکیں۔ یہ Voucher کا میں نے کل ذکر کیا تھا، وہ ہم نے، اور بھی کافی ساری چیزیں ہیں لیکن ان شاءاللہ تعالیٰ میں آپ کو صرف یہ ایک بات بتاتا ہوں کہ Will ہے، میں یہ مانتا ہوں کہ ہو سکتا ہے کہ کام Slow ہو، وہ ہو سکتا ہے کہ یہ اتنا Magnitude بڑا ہے، ساڑھے اٹھائیس ہزار سکولز ہیں، دو لاکھ لوگ ہیں، ڈیڑھ لاکھ ٹیچرز ہیں تو ہو سکتا ہے کہ اس حساب سے وہ چیزیں نظر نہ آتی ہوں لیکن کم از کم یہ میری گارنٹی ہے، یہ میری Surety ہے کہ کوئی اس میں Hidden agenda نہیں ہے، مجھے کوئی یہ شوق نہیں ہے کہ میں اپنے لوگ بھرتی کروں، مجھے لوگوں نے کہا کہ آپ کیا کر رہے ہیں، یہ آپ کیوں NTS کو دے رہے ہیں؟

اپنے لوگ بھرتی کریں، تو میں ان کو کہتا ہوں کہ جی میں اپنے لوگ بھرتی کرلونگا تو میں نے ان لوگوں کا حال بھی دیکھا ہے جنہوں نے ہزاروں لوگ بھرتی کئے ہیں اور اگلا الیکشن وہ ہار گئے ہیں تو میں نے کہا یہ میں نہیں چاہتا کہ میں اپنے لوگ بھرتی کرلوں۔ یہ جو لوگ میرٹ پہ آتے ہیں، جو لوگ اپنی قابلیت پہ آتے ہیں، وہ بھی میرے لوگ ہیں، وہ بھی میرے لوگ ہیں، وہ بھی مجھے دعائیں دینگے کہ کم از کم انہوں نے ہمیں ایک موقع دیا ہے۔ (تالیاں) وہ ضروری تو نہیں کہ وہ میرے حلقے کا ہو، وہ مجھے ووٹ دے تو وہ میرا ہوگا اور جس نے مجھے ووٹ نہ دیا ہو، تو ان شاء اللہ تعالیٰ یہی میری ایک Commitment ہے آپ لوگوں سے کہ بے شک کام آپ لوگوں کو نظر نہیں آرہا ہوگا، Slow بھی ہوگا، غلطیاں بھی ہونگی لیکن کم از کم نیت ہے اور ایک کوشش ہے اور وہ آپ دیکھیں گے کہ اس میں آپ لوگوں سے میں نے پچھلی دفعہ بھی کہا تھا اور ابھی آپ لوگوں سے پھر ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اس میں مجھے ضرورت ہے آپ لوگوں کی، ہمارے اپنے ایم پی ایز کی، منسٹرز کی، آپ لوگوں کے کوآپریشن کی، کیونکہ مسئلہ یہ ہوتا ہے کہ وہاں پہ جب ڈی ای اوز ہوتے ہیں، ٹیچرز ہوتے ہیں پھر سفارشیں آتی ہیں اور پھر جب ان کے کام نہیں ہوتے تو پھر اس سے گلے بنتے ہیں۔ مجھ سے بھی لوگ ناراض ہوتے ہیں، مجھے بھی پتہ ہے کہ لوگوں کو ناں کہنا کتنا مشکل کام ہے لیکن جب تک ہم لوگوں کو ناں نہیں کہیں گے اور ایک۔۔۔۔۔

(عشاء کی اذان)

<u>وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم</u>: میں ختم کرلوں۔ بہت شکریہ، تھینک یو۔

<u>جناب سپیکر</u>: تاسو ته پوره دغه کوؤ، پرېږده چې څومره پورې چلېږي۔ (قہقہہ) جی۔

<u>وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم</u>: ستاسو شکریه ادا کوم د ټولو ممبرانو ځکه شوق هم د دوئ وو، دوئ وئيل چې خامخا بحث پرې پکار دے، دغه ايجنډا کښې هم تاسو رالېږلے وو۔ اوس بس اخره کښې، اخره کښې صرف يو خبره کوم جی ستاسو د ټولو شکريه هم ادا کوم او Thank you for your patience چې دومره مو برداشت کړم، زما خبره مو واؤريده سکون سره، آرام سره او ريکويسټ به مې درته بيا دا وی چې دې ايجوکيشن کښې کم ازکم زما دا غه دے، په ديکښې زه بالکل حقيقت درته وايم چې نه مې پکښې د سياست څه دغه شته چې يره دا

سیاست دے یا دا ښه دی یا بد دی، که دا تعلیم ټهیک شو، همیشه دا خبره کوم چې که دا تعلیم ټهیک شو، د دې سره به، دا خلق وائی په پاکستان کښې جمهوریت ټهیک نه دے، جمهوریت به ټهیک شی که دا تعلیم ټهیک شو، که دا تعلیم ټهیک شو، د دې سره به دا Fundamentalism چې زمونږ په دې معاشره کښې کوم دے، دا به ټهیک شی، که دا تعلیم ټهیک شو، د دې سره به زمونږ اکانومی ټهیک شی۔ نو په دیکښې تاسو ټولو ته دا ریکویسټ کوم چې ان شاء الله تعالیٰ ما سره په دیکښې ملګرتیا وکړئ، Commitment درسره کوم چې هیڅ مې پکښې Hidden agenda نشته دے، بل مې پکښې څه دغه نشته۔ خپل دغه به درسره کوم۔ ډیره ډیره مهربانی۔ (تالیاں) تهینک یو ویری مچ۔

جناب سپیکر: مهربانی جی۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر! دا یو خبره کوم۔

جناب محمد شیراز: جناب سپیکر! جناب سپیکر،-----

جناب سپیکر: بس دے سردار صاحب! بس دے، زما خیال دے چې تا، شیراز خان اوس خبره کوی نو زما خیال دے چې-----

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: شیراز خان څه وائی بیا به دے ګیله کوی، شیراز خان۔

جناب محمد شیراز: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی جی۔

جناب محمد شیراز: Rules relax کرکے 140 کے تحت قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے جناب سپیکر!-----

جناب سپیکر: نہ ایک منٹ، ایک منٹ، ایک منٹ۔ یہ قرارداد آپ Monday کو پیش کریں، ابھی میرے پاس وہ نہیں ہے، وہ سارا کچھ Monday کو ان شاء اللہ اس کو پیش کر لیں گے، Monday کو، Monday کو پیش کر لیں گے۔

The sitting is adjourned till 02:00 p.m. of Monday afternoon, dated 21-04-2014.

(اجلاس بروز سوموار مورخہ 21 اپریل 2014ء بعد از دوپہر دو بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)